





Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

**نوٹ:**

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

## کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

# چاند مسکرانے لگا

## از قلم

## مہک روشن

مرے مرے قدموں سے وہ چلی جارہی تھی. اس کے قدموں میں آج عجیب سی شکستگی در آئی تھی. بہت ہی آہستہ سے اس نے دروازہ کھولا تھا. دروازہ بھی عجیب سی چرچراہٹ کے ساتھ کھلا تھا. اس گھر کے درودیوار غرض کہ ہر ایک چیز پر, ہر اک شے پر سوگواریت سی چھائی تھی. اس گھر کی ہر ایک چیز بالکل ویسے ہی ویران اور اجڑی ہوئی لگ رہی تھی جیسے اس کا دل. وہ رشتے جن پر اسے ناز تھا ان میں سے اس کے پاس کوئی بھی نہ تھا. نہ مما, نہ بابا اور نہ ہی احمر کوئی بھی نہیں تھا اس کے پاس .




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان ہی شکستہ قدموں سے وہ صوفے کے پاس آئی مگر اس پر بیٹھنے کے بجائے زمین پر ہی گرتی چلی گئی

. کوئی نظم تھی جو اس کی سماعتوں سے ٹکرا رہی تھی



اے چاند......

ہزاروں لوگوں کے پیغام دیتا ہے تو

ہزاروں دلوں کی دھڑکن ملاتا ہے تو

گزارش ہے اک میری بھی

سن لو تو عنایت ہے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہنا کہ لوٹ آؤ

کوئی اس طرح بھی کرتا ہے

پیار میں یوں خوار کرتا ہے

کہنا اسے کہ یہ التجا ہے میری

کہ لوٹ آؤ


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہ تیری دید کے بغیر



میری کوئی عید نہیں

یہ وہ ہی نظم تھی جو اس جو کبھی سمجھ نہیں آئی تھی. چاند ہی کیوں آخر چاند ہی کیوں !! مگر سوچنے سمجھنے کی تمام طاقتیں صلب ہوتی جا رہی تھیں. اپنے کمرے تک کا سفر بھی آج اس نے بہت مشکل سے طے کیا تھا .

💔💔💔💔.

.. مما بابا کیا ہو رہا ہے

. ابھی تو وہ کالج سے واپس آئی تھی اور آتے کے ساتھ ہی مما بابا کو ڈھونڈ رہی تھی



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.... وہ دونوں لان میں بیٹھے تھے تب ہی وہ ادھر آ گئی



کچھ نہیں بیٹا آپ کو تو پتا ہے نا گرمیاں آ رہی ہیں اور پھر رمضان مبارک بھی تو میں کیا سوچ رہی تھی اگر ہم شاپنگ وغیرہ کر لیں تو ..

... اووووو!! تو مطلب شاپنگ کی پلاننگ ہو رہی تھی اور مجھ سے کسی نے پوچھا تک نہیں

. لو بھلا اپنی بیٹی کے بغیر ہم ایسا سوچ بھی سکتے ہیں کیا... ہماری بیٹی ہمارے ساتھ ہی چلے گی

... ویسے ہم جا کہاں رہے ہیں

. دبئی آف کورس بیٹا... اچھا اب آپ جلدی سے فریش ہو جائیں میں لنچ لگواتی ہوں




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

. حبیبہ اب ملازمین کو ھدایات دینے میں مصروف تھیں



. اوکے مما!! مہراب اپنے روم میں جارہی تھی

❤❤❤❤

ژژ ارے ہماری پیاری سی کزن کیا کر رہی ہے

!! کھانے سے بھرپور انصاف

... مختصر سا جواب




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

... لو بھلا!! اب ہمیں کوئی پوچھے گا بھی نہیں



....... چھوٹا سا شکوہ

..... بالکل نہیں!! اپنا راستہ ناپیں جناب.... منہ پھاڑ جواب

. ٹھیک ہے بھائی کھالو اب ہمیں کوئی کہاں پوچھتا ہے

... میں چلتا ہوں یہاں تو پوچھ ہی نہیں رہا

.... دکھی سا لہجہ

... ارے احمر بیٹا آپ کب آئے

. عباس صاحب تو آفس گ ےئے تھے گھر پر بس حبیبہ اور مہر ہی تھیں



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

... بس آنٹی ابھی ہی آیا تھا

. کان کی لو کو مسلتے ہوئے تھوڑا سا حجل ہوتے ہوئے جواب آیا تھا

کھانا کھایا آپ نے بیٹا ہ زہ حبیبہ اب احمر کے لیے بھی کھانا نکال رہی تھیں جانتی تھیں کہ وہ مہر کے

. بغیر کبھی کھانا نہیں کھاتا

... کہاں آنٹی لوگوں نے تو پوچھا تک نہیں

آنٹی ہی تو دنیا کی معزز خاتون تھیں جن سے وہ اس چڑیل کی جی بھر کے شکایت کر سکتا تھا.اس کے

مما بابا امریکہ میں رہائش پزیر تھے وہ یہاں پاکستان میں بزنس سیٹ کر کے انھیں بھی پاکستان میں

. لانے والا تھا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے رے کیا مطلب !!لوگ چاہتے ہیں کہ اب میں ان سے اپنا کھانا بھی شئیر کروں...دیکھیں مسٹر مجھ سے ایسی کوئی امید مت کریے گا ...

حبیبہ نے گھور کر مہر کو دیکھا تھا گو یا چپ رہنے کا عندیہ دیا تھا .

احمر نے معصوم سا چہرہ لیے آنٹی کو دیکھا تھا .

بیٹا آپ بیٹھو آپ کے لیے کھانا نکالتی ہوں میں...

💔💔💔💔💔

عباس میں کیا کہہ رہی تھی کہ رمضان میں سمیعہ کے ہاں دعوت ہے تو ہم شاپنگ کے سلسلے میں دبئی چلے ہی جائیں .




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.. بالکل بالکل !! میں کیا کہہ سکتا ہوں آپ دونوں ماں بیٹی کا معاملہ ہے یہ تو

. عباس میاں نے اس معاملے سے گویا اپنی جان ہی چھڑالی تھی

... اچھا جی تو ہم دونوں اکیلے ہی جائیں گے کیا

. حبیبہ نے شکوہ کیا تھا

لو بھلا دونوں جا بھی رہی ہیں اور یہ بھی کہہ رہی ہیں کہ اکیلے جا رہی ہیں. میری تو سمجھ سے باہر ہیں

... بھائی آپ دونوں

... لو بھلا احمر تم ہی سمجھاؤ اپنی آنٹی کو

. عباس میاں نے مہر کے ساتھ بیٹھے احمر کو بھی گفتگو میں کھینچ لیا تھا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

... افففف!! تم نے تو تھکا ہی دیا مہر

حبیبہ بیگم کی بہن کی طبیعت سخت خراب تھیں اس لیے وہ ان کے ساتھ نہیں آ سکی تھیں. شاپنگ کے لیے مہر اور احمر ہی آئیں تھے .

... ارے ارے!! ابھی سے تھک گ ۓ ابھی تو شاپنگ کی شروعات ہوئی ہے مسٹر

لو جی پھر تو میری بس ہو گئی... میں جا رہا ہوں تم شاپنگ کر کے آ جانا ٹھیک ہے. احمر کہہ کر رکا نہیں تھا بلکہ ایگزیٹ کی جانب چل پڑا .




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے رکو تو... مہر جس کو لگا تھا وہ مزاق کر رہا ہے فوراً اس کے پیچھے بھاگی تھی. مگر افف یہ مصیبت ہمیشہ غلط وقت پہ ہی کیوں گھیرتی ہے تب ہی اس کے سینڈل کی ہیل کھٹک سے ٹوٹی اور بے چاری مہر سیدھی سیڑھیوں سے پھسلتی ہوئی احمر کے قدموں میں جا گری.

وہ جو اس کے نہ آنے پر پیچھے مڑنے والا تھا پہلے تو فوراً سا پیچھے ہٹا مبادہ یہ کہ وہ اسی پر نہ گر جائے اور جب ہنسنا شروع ہوا تو رکنے کا نام ہی نہ لیا...

احمر ہنس ہنس کے پاگل ہی ہوا جا رہا تھا اور مہر اب شکایتی نظروں سے اسے گھور رہی تھی فوراً اٹھی اور باہر کی جانب چل دی...

اس وقت مہر کو شدت سے اپنی توہین کا احساس ہوا تھا....



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!! ارے مہر رکو تو کہاں جا رہی ہے گاڑی کی چابیاں تو میرے پاس ہیں..... مہر مہر

... احمر بلاتا ہی رہ گیا مگر کو نہ رکنا تھا سو نہ رکی

وہ باہر تو آ گئی تھی مگر اب اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا کرے اور تب ہی ایک شاندار کی سرف اس کے سامنے رکی ...

ایکسکیوز می میں آئی ہیلپ یو لیڈی !! مہر کی جانب دیکھتے ہوئے اس نے آنکھوں سے گلاسز اتارتے ہوئے کہا تھا ...

. پہلے تو مہر انکار کرنے لگی تھی مگر احمر کو پیچھے آتا دیکھ کر فوراً اس کے ساتھ بیٹھ گئی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن یہ سلسلہ یہاں ہی نہیں رکا اور اب, شہریار اور مہر کی دوستی مزید گہری ہوتی گئی اور اب مہر نے ایک نیا مطالبہ کر دیا تھا .

"پاپا پلیز پاپا مان جائیں نا وہ بہت اچھا لڑکا ہے آپ اسے صرف اس وجہ سے ریجیکٹ نہیں کر سکتے کہ اس کے پاس بہت پیسہ نہیں ہے وہ محنت کرے گا اور کما لے گا پاپا وہ بہت اچھا لڑکا ہے" مہر منت بھرے انداز میں ان سے کہہ رہی تھی

"نہیں کبھی بھی نہیں، وہ کوئی تم سے پیار نہیں کرتا صرف دولت کے پیچھے پڑا ہے اور ایک بات مت بھولو کہ تم احمر کی بچپن کی منگ ہو اگر تمہاری شادی ہو گی تو احمر کے ساتھ



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں مجھے احمر کے ساتھ شادی نہیں کرنی مر جاؤں گی لیکن احمر کے ساتھ شادی نہیں کروں گی

توٹھیک ہے پھر مر جاؤ"انھوں نے حتمی لہجے میں کہااور وہاں سے چلے گئے"

"اب کیا کروں پاپاتومیری بات مان ہی نہیں رہے"

اچانک اس کے دماغ میں ایک خیال آیا

"ہاں احمر،وہ میری مدد ضرور کرے گا"

وہ اب احمر کے کمرے کی طرف آگئی اس نے ناک کیااور اندر چلی آئی



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بیڈ پہ بیٹھا اپنے لیپ ٹاپ پہ کچھ کام کر رہا تھا

"ارے مہر تم آؤ بیٹھو"



"احمر وہ مجھے تم سے اک بات کرنی ہے"

"ہاں بولو"

تمہیں پتا ہے نا کہ میں شہریار سے پیار کرتی ہوں۔ پلیز تم میری مدد کرو۔ میں اس کو بہت چاہتی"
ہوں۔ تم، تم پاپا سے بات کرو کہ وہ ہماری شادی کے لیے مان جائیں وہ تمہاری بات کبھی نہیں
"ٹالیں گے

اور احمر اس کو لگ رہا تھا کہ کوئی کند چھری سے اس کو ذبح کر رہا ہو




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اتنی تکلیف!!!



"سوری مہر! میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا"

احمر نے نظریں چراتے ہوئے کہا

تو وہ غصے سے بولی

تم میری مدد کروگے بھی تو کیسے ؟؟"

🖤🖤🖤🖤🖤

تم میری مدد کروگے بھی تو کیسے، تمہیں تو پاپا کا بنا بنایا بزنس جو مل رہا ہے،اور ساتھ ساتھ ان کی"

بیٹی بھی، تم بھی تو دولت کے پجاری نکلے، تم احسان فراموش, دھوکے باز انسان ہو مت بھولو کہ

"میرے باپ کے ٹکڑوں پہ پل رہے ہو




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر تم..........."شدت غم سے اس کے منہ سے الفاظ ہی نہیں نکل رہے تھے"

تم مجھے اتنا گھٹیا انسان" سمجھ رہی ہو اس کے لہجے میں بے یقینی تھی"

ہاں، کیونکہ تم ہو ہی ایک گھٹیا انسان، میں تم سے شدید نفرت کرتی ہوں, تم لوگ کیا سمجھتے ہو، "
تم لوگ جیسا کہو گے میں ویسا کروں گی، میری ایک بات کان کھول کے سن لو اگر میں شادی کروں
گی تو شہریار کے ساتھ اور اگر تم لوگوں نے مجھے روکنے کی کوشش کی تو میں بھاگ جاؤں گی پھر تم
لوگ منہ چھپائے پھر نا وہ نفرت سے "چینخ رہی تھی

اسے خود بھی معلوم نہیں تھا کہ وہ کیا کہہ رہی ہے

"چٹاخ........"



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک طمانچہ اس کے منہ پر پڑا تھا

یہ ارحم نے نہیں بلکہ اس کے پاپا نے مارا تھا

"تمہیں شرم نہیں آئی یہ سب کہتے ہوئے"

"نہیں آئی اور کرتے ہوئے بھی نہیں آئے گی شادی کروں گی تو شہریار سے"

وہ بدتمیزی سے گویا ہوئی

اس بدتمیزی پر تو احمر حیران رہ گیا اور پاپا بھی ایک لمحے کے لیے ساکت رہ گئے لیکن جب وہ بولے تو ان کے لہجے میں چٹانوں کی سی سختی تھی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"توٹھیک ہے میں بھی تمہارا ہی باپ ہوں اس جمعہ کو تمہارا نکاح ہے احمر کے ساتھ اور اگر تم نے کوئی گڑبڑ کی یا اپنے اس نام نہاد عاشق کے ساتھ بھاگنے کی کوشش کی تو میں تم دونوں کو زندہ زمین میں گاڑدوں گا اور تم جانتی ہو کہ میں ایسا ہی کروں گا"

اپنا فیصلہ سنا کر وہ وہاں سے جا چکے تھے اور مہر وہاں کھڑی رہ گئ

⋆⋆⋆⋆

"شہریار مجھے بتاؤ کہ میں کیا کروں، میں مر جاؤں گی تمہارے بغیر سچ کہہ رہی ہوں"

وہ شہریار سے فون پہ بات کر رہی تھی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور میں تمہاری دولت کے بغیر نہیں رہ سکتا

یہ بات وہ دل میں سوچ رہا تھا

لیکن جان تم اپنے پاپا کو منانے کی کوشش تو کرو تم کہہ رہی تھی کہ وہ تم سے بہت پیار کرتے "

"ہیں

پتا نہیں کیا ہو گیا ہے ان کو، میری بات ہی نہیں مان رہے، اور تو اور انھوں نے میرا نکاح بھی طے "

"کر دیا ہے اور دھمکی بھی دی ہے کہ اگر نہ کیا تو وہ ہم دونوں کو مار دیں گے

وہ پریشان لہجے میں اسے بتا رہی تھی

"کیا!! وہ ایسا کیسے کر سکتے ہیں"

"وہ ایسا ہی کریں گے"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ سب تمہارے اس کزن کی وجہ سے ہوا ہے"

"ہاں احمر نے پتا نہیں انھیں کیا گھول کے پلا دیا ہے کہ وہ میری بات مان ہی نہیں رہے"

"ویسے کتنا چالاک ہے وہ تمہاری دولت پہ عیش کر رہا ہے"

ہاں میں تو اسے بہت اچھا سمجھتی تھی لیکن وہ اتنا لالچی نکلے گا میں نے سوچا بھی نہیں تھا وہ نفرت" "سے کہہ رہی تھی

اور اس کے کمرے میں کسی کام سے آتا احمر وہیں کھڑا رہ گیا اسے لگ رہا تھا کہ اس کے وجود پہ کوئی پگھلا سیسہ ڈال رہا ہے

کتنا تکلیف دہ ہوتا ہے اس شخص کی نفرت کو سہنا جس کو آپ اپنی دنیا مانتے ہیں



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اوکے بائے پھر کل یونیورسٹی میں ملاقات ہو گی"

مہر نے کہا

"اوکے بائے"

شہریار پہلی بار مہر سے دبئی میں ملا تھا اور اب اتفاقاً اُس نے بھی مہر کے ہی کالج میں ایڈمشن بھی لے لیا تھا.

ویسے یہ ان امیر لڑکیوں کے دماغ نہیں ہوتے اسے سمجھ ہی نہیں آرہا کہ میں اسے کیوں اس کے باپ کو منانے کا کہہ رہا ہوں ارے آر باپ سے لڑ کے مجھ سے شادی کرے گی تو دولت کیا خاک ملے گی

شہریار نے خود کلامی کرتے ہوئے کہا اور مسکرا دیا.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

❤❤❤❤❤



دروازے پر دستک ہوئی

"یس کم ان"

عباس صاحب کی آواز آئی تو احمر اندر داخل ہو گیا- عباس صاحب کسی گہری سوچ میں گم تھے- احمر کو دیکھ کے کہا..

"ارے احمر بیٹا آؤ بیٹھو"

-احمر ان کے پاس جا کے بیٹھ گیا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"....وہ انکل مجھے آپ سے ایک بات کرنی ہے اگر آپ کی اجازت ہو تو"

"ہاں بولو بیٹا تمہیں کب سے اجازت لینے کی ضرورت پڑ گئی"

وہ آپ مہر کی شادی شہریار کے ساتھ کر دیں وہ اس سے پیار کرتی ہے اور اس کی خوشی اسی میں "ہے، میرے ساتھ وہ کبھی خوش نہیں رہ پائے گی یہ ایک زبردستی کا رشتہ ہو گا"

"نہیں میں شہریار کے ساتھ اس کی شادی نہیں کر سکتا"

عباس صاحب نے کہا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیوں انکل آپ اس کی شادی شہریار کے ساتھ کیوں نہیں کر سکتے، خوش شکل ہے، تعلیم یافتہ بھی ہے اور کچھ عرصے بعد اس کی اسٹڈی کمپلیٹ ہو جائے گی اور پھر جاب بھی مل جائے گی آخر اس میں برائی کیا ہے؟؟"

"تم نہیں جانتے، وہ مہر سے شادی صرف اس کی دولت کی وجہ سے کر رہا ہے اسے صرف مہر کی دولت چاہیئے اور کچھ نہیں"

"آپ، آپ کو کیسے پتا؟؟؟"

احمر نے حیرانی سے پوچھا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا! یہ بال میں نے دھوپ میں سفید نہیں کیے ہیں مجھے اس کی شکل دیکھ کے پتا چل گیا تھا کہ وہ"

"ایک لالچی انسان ہے



"تواب،اب کیا ہو گا"

احمر نے پریشانی سے دریافت کیا

"اب وہی ہو گا جو میں نے کہا ہے یعنی کہ جمعہ کو نکاح"

عباس صاحب نے فیصلہ کن لہجے میں کہا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

-احمر اپنے کمرے میں بیڈ پہ بیٹھا کسی گہری سوچ میں گم تھا



-اچانک اس کے ذہن میں ایک خیال آیا-اس نے موبائل اٹھایا اور ایک نمبر ملانے لگا

ہیلو!!ہاں میری بات دھیان سے سنو،ایک بندے کے بارے میں معلومات حاصل کرنی ہیں،"

"ہاں اس کا سارا کچا چٹھا کھول کے مجھے بتاؤ

"ہاں چلو میں تمہیں اس کا ایڈریس سینڈ کر رہا ہوں اور ہاں کام جلدی ہونا چاہیے"

"اوکے،اوکے بائے کام جلدی سے ہونا چاہیے"

. اور پھر کال بند کر کے اس نے موبائل رکھ دیا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

❤❤❤❤❤

"مہر یہ سب کیا ہے؟آخر ہو کیا گیا ہے تمہیں؟ تمہیں معلوم ہے کہ تم کر رہی کیا ہو؟"

حبیبہ بیگم نے پریشان لہجے میں مہر سے پوچھا،ان کی بہن کی طبیعت بہت زیادہ خراب تھی تو وہ اس کے پاس ہری پور چلی گئیں رمضان شروع ہو گیا تھا تو وہ واپس آ گئیں اور جب واپس آئیں تو ایک تماشا ان کا منتظر تھا

کیا ماما اس میں غلط کیا ہے؟میں اپنی مرضی سے شادی کرنا چاہتی ہوں اور میری مرضی شہریار ہے"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"لیکن بیٹا وہ اچھا لڑکا نہیں ہے؟"



آپ سے کس نے کہا کہ وہ اچھا لڑکا نہیں ہے وہ میری چوائس ہے مما اور میں اسی کے ساتھ "

شادی کرنا چاہتی ہوں"

اس نے بدتمیزی سے کہا

"مہر بیٹا ہم تمہارے ماں باپ ہیں، تمہارے بھلے کے لیے ہی کہہ رہے ہیں"

انھوں نے اسے سمجھایا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مام میں اپنا برا بھلا خود سوچ سکتی ہوں اور آپ کا کر پاپا سے کہہ دیں وہ احمر کے ساتھ میری شادی

کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں اگر میری شادی ہو گی تو شہریار کے ساتھ ورنہ نہیں......"



❤❤❤❤

مہر نے دروازے پر دستک دی

اندر سے عباس صاحب کی آواز آئی

"یس کم ان"



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اندر داخل ہو گئی



"پاپا وہ مجھے آپ سے بات کرنی تھی؟؟"

"ہاں بولو کیا ہے؟؟"

انھوں نے سرد لہجے میں کہا

"پاپا پلیز یہ نکاح تھوڑا لیٹ کر دیں مجھے کچھ ٹائم چاہئیے ہے سب ایکسیپٹ کرنے کے لیے"

اس نے فریاد کی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پاپا دیکھیں میں نکاح کے لیے ریڈی ہوں لیکن مجھے کچھ وقت چاہیئے پاپا کچھ ٹائم تو لگے گا مجھے یہ سب ایکسیپٹ کرنے میں"

"ٹھیک ہے آج پانچواں روزہ ہے اور ٹھیک پانچ دن کے بعد تمہارا نکاح ہو گا احمر کے ساتھ اور اگر تم نے کوئی تماشا لگایا تو میں تمہارے ساتھ کیا کروں گا یہ تم اچھی طرح جانتی ہو"

ان کے لہجے میں کچھ ایسا تھا کہ مہر کے پورے بدن میں ایک سرد لہر دوڑ گئی

"تھینک یو پاپا تھینک یو سو مچ"

فی الحال وہ اس پہ خوش تھی کیونکہ شہریار نے کہا تھا کہ وہ اپنے پاپا سے کچھ ٹائم لے گا کہ انھیں کچھ سوچنے کا موقع مل جائے۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

٭٭٭٭

مہر بہت پریشان تھی کل اس کا نکاح ہونا احمر کے ساتھ۔اس نے سب کو منانے کی بہت کوشش کی تھی لیکن سب ناکام ہو گیا،شہریار بھی اس کی کال ریسیو نہیں کر رہا تھا۔

اس نے ایک مرتبہ پھر سے شہریار کو کال ملائی

آپ کے مطلوبہ نمبر سے فی الحال جواب موصول نہیں ہو رہا برائے مہربانی کچھ دیر بعد رابطہ کیجیے "شکریہ"

اس نے غصے سے موبائل کو اٹھا کے دروازے پہ دے مارا اور اندر داخل ہوتا احمر اگر نیچے نہ جھکتا تو موبائل یقیناً اس کے سر کی خبر لے چکا ہوتا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمر کو اندر داخل ہوتا دیکھ کر اس کو مزید غصہ آیا

"کیوں آئے ہو تم یہاں ؟؟ میرا تماشا دیکھنے"

وہ غصے سے پھنکاری

"مجھے تمہارا تماشا دیکھنے کا کوئی شوق نہیں ہے مہر میں تمہیں کچھ بتانے آیا ہوں"

"مجھے تمہاری کوئی بات نہیں سننی"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میری نہ سہی شہریار کی تو سنو گی نا"



"شہریار کیا مطلب"

اس نے حیرانی سے پوچھا

"وہ تمہاری کال ریسیو نہیں کر رہا ہے نا"

"تم۔۔۔ تمہیں کیسے پتا؟؟؟؟؟"

"مجھے تو اور بھی بہت کچھ پتا ہے جو تمہیں بھی نہیں پتا"


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

❤❤❤❤❤❤❤❤

"کیا مطلب؟؟ کیا پتا ہے تمہیں شہریار کے بارے میں جو مجھے نہیں پتا؟"

مہر نے حیرانی سے پوچھا

"شہریار تمہاری کال ریسیو نہیں کر رہا ہے نا؟"

"ہاں لیکن تمہیں کیسے پتا؟"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"وہ تمہاری کال اس لیے ریسیو نہیں کر رہا کیونکہ وہ اس وقت مرڈر کے کیس میں جیل میں ہے"



احمر نے انکشاف کیا

-اور مہر اس کی سماعتوں میں ایک بم پھٹا تھا

نہیں تم لوگ اتنا کیسے گر سکتے ہو، تم لوگوں نے اسے جیل بجھوا دیا، صرف اس وجہ سے کہ وہ مجھ "
سے شادی کرنا چاہتا تھا، تم بہت گھٹیا، ذلیل اور کمینے انسان ہو تم نے مجھ سے میرا پیار چھین لیا
"........... تمہیں شرم آنی چاہیے تم

"شٹ اپ، آئی سیڈ جسٹ شٹ اپ"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمر غصے سے چینخا اس کا چہرہ شدت جذبات سے سرخ ہو گیا تھا- ضبط کی کوشش میں اس کی مٹھیاں بھینچ گئی تھیں



"میں نے احمر کو جیل نہیں بجھوایا اس کے کرتوت اسے وہاں تک لے کے گئے ہیں اور میں تمہیں کوئی صفائی نہیں دوں گا، مجھے پتا تھا کہ تم میری بات کا یقین نہیں کرو گی اس لیے ثبوت ساتھ لے کے آیا ہوں"

"یہ دیکھ لینا اپنی آنکھوں سے"

اس نے اخبارات کا ایک ڈھیر اور تصاویر بیڈ پہ رکھیں اور خود تیزی سے کمرے سے نکل گیا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ یہ سب دیکھنے کے بعد مہر کی جو حالت ہونی تھی وہ نہیں دیکھ سکتا تھا



مہر نے پہلے وہ اخبارات اٹھائے اور جس خبر کو ہائی لائٹ کیا گیا تھا وہ پڑھی تو اسے لگا کہ اسے کسی نے پہاڑ سے نیچے دھکیل دیا ہو

کراچی میں فراڈ شادی کا ایک اور کیس زرائع کے مطابق دولھا نے پہلے امیر لڑکی سے پیار کا" ڈھونگ رچایا اور پھر اس سے شادی کے پندرہ دنوں کے بعد اس کے تمام زیورات اور پیسے لے کر "فرار

اور ساتھ نیچے شہریار کی تصویر تھی جس میں وہ دولھا بنا ہوا تھا ہاں چہرے پہ مونچھوں کا اضافہ تھا اور یہ خبر آج سے دو سال پہلے کی تھی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میر نے دوسری اخبارات اٹھائے اور سب میں اسی طرح کی خبریں تھی

اور جب اس نے وہ تصویریں اٹھائیں تو ان سب میں ہر مختلف لڑکی کے ساتھ شہریار دولھا بنا کھڑا تھا۔

کیسا روح شگاف انکشافات تھے یہ مہر کے حواس اس کا ساتھ چھوڑ رہے تھے

"......اتنا بڑا دھوکہ..........اگر میری شادی شہریار کے ساتھ ہو جاتی تو"

اس سے آگے کا خیال بہت تکلیف دہ تھا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اٹھی اور مرے مرے قدموں سے آگے جا رہی تھی اس کے قدموں میں ایک عجیب سی شکستگی در آئی تھی اسے یوں معلوم ہو رہا تھا کہ جیسے اس کے کمرے کی ہر شے اس کے دل کی طرح ویران اور اجڑی ہوئی ہے آج اس کے پاس اس کا اپنا کوئی نہیں تھا نہ مما، نہ پاپا اور نہ ہی احمر کیونکہ وہ ان سب کو اپنے ہاتھوں سے گنوا چکی تھی

ان ہی شکستہ قدموں کے ساتھ وہ صوفے کے قریب آئی مگر اس پر بیٹھنے کی بجائے وہ زمین پر گرتی چلی گئی اور اس کی آنکھوں کے سامنے ایک ایک کر کے سب کے چہرے آئے مما، پاپا اور پھر احمر۔

-اور پھر اس کا ذہن تاریکیوں میں ڈوبتا چلا گیا

❤❤❤❤




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر بیٹا آنکھیں کھولو نا دیکھو ہم کتنا پریشان ہو رہے ہیں تمہارے لئے، آج پانچ دن ہو گئے ہیں اور "

"تم نے ہم سے کوئی بات نہیں کی، کوئی اس طرح بھی کرتا ہے اپنے ماں باپ کے ساتھ



حبیبہ بیگم مہر کے بیڈ کے پاس کرسی رکھ کے بیٹھی ہوئی تھیں۔ مہر کا نروس بریک ڈاؤن ہوا تھا اور

اس کے بعد آج پانچواں دن تھا اسے ہوش نہیں آیا تھا۔

"اٹھوں نا مہر اٹھ جاؤ نا"

حبیبہ بیگم نے پھر کہا

"اچانک مہر کی پلکیں لرزیں اور پھر اس نے آہستہ آہستہ اپنی آنکھیں کھولیں"



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حبیبہ بیگم اسے ہوش میں آتا دیکھ کر خوشی سے چیخیں



"مہر تمہیں ہوش آگیا ہے میری بچی کتنا پریشان کیا تم نے ہمیں کوئی اپنے ماں باپ کے ساتھ اس طرح بھی کرتا ہے کیا۔دیکھو اپنے پاپا کو کس طرح سے پریشان کھڑے ہیں"

اس نے پاپا کی طرف دیکھا تو ان کے ساتھ احمر بھی اسے کھڑا نظر آیا بکھرے بال اور سرخ آنکھیں اور پاپا ان کی بھی کچھ ایسی ہی حالت تھی

عباس صاحب اس کے قریب آئے

" .......پاپا"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے پکارااور پھر رونے لگی

"پاپا کی جان بس کردو تم جیسا چاہو گی ویسا ہی ہو گا تم شہریار کے ساتھ شادی کرنا چاہتی ہو تو اسی کے ساتھ ہو گی....."

عباس صاحب کی بات پر اس نے احمر کی طرف دیکھا تو اس نے نظریں چرا لیں

"پاپا میں نے آپ کو بہت تکلیف دی ہے نا بہت بد تمیزی کی ہے نا میں بہت بری ہوں پاپا میں نے آپ کو بہت دکھ دیے ہیں"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں مہراب ہم تمہاری شادی کرنے کے لیے تیار ہیں ہم شہریار کے ساتھ تمہاری شادی کرنے کے لئے تیار ہیں"

"نہیں پاپا مجھے شہریار کے ساتھ شادی نہیں کرنی آپ کو میں نے بہت تکلیف دی ہے نا پاپا اور مما بہت دکھ دیے ہیں آپ کو مجھے معاف کر دیں میں آپ سے ہاتھ جوڑ کے معافی مانگتی ہوں بہت دکھ دیے ہیں آپ کو میں نے مجھے معاف کر دیں مما پاپا معاف کر دیں پلیز.... "

وہ ہاتھ جوڑ کے ان سے معافی مانگ رہی تھی اور تڑپ رہی تھی اور اس کا اسے اس طرح سے تڑپنا احمر سے برداشت نہیں ہو رہا تھا وہ وہاں سے باہر چلا گیا جبکہ اس کا اس طرح چلے جانے کو مہر نے اس کی شدید ناراضگی جانا تھا-




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں مہر بچوں سے غلطی ہو جاتی تم معافی مت مانگو ہم تم سے ناراض نہیں ہیں"

"سچ میں پاپا مما آپ نے مجھے معاف کر دیا آپ بہت اچھے ہیں اور آپ دنیا کے بیسٹ مما پاپا ہیں"

مہر نے خوشی سے بھرپور لہجے میں کہا اور پھر عباس صاحب کے گلے لگ گئی۔

"بیٹا تم نے شہریار سے شادی نہ ہونے کی اتنی ٹینشن لی کہ تمہاری یہ حالت ہو گئی"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں پاپا ایسی کوئی بات نہیں ہے اور مجھے شہریار سے شادی نہیں کرنی"

"....تو پھر"

"جہاں آپ کہیں گے وہاں کروں گی"

"سچ کہہ رہی ہو"

عباس صاحب نے حیرانی سے پوچھا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بالکل سچ"



"میری گڑیا، میری جان تمہیں نہیں پتا تم نے مجھے کتنی بڑی خوشی دی ہے"

٭٭٭٭

آج انتیسواں روزہ تھا اور عین ممکن تھا کہ کل عید ہو گی۔ احمر اوپر ٹیرس پہ تھا۔

مہر بھی اوپر ٹیرس پہ آ گئی۔ احمر نے اس سے اب تک کوئی بات نہیں کی تھی آج وہ خود اس سے بات کرنا چاہتی تھی

وہ سامنے کھڑا کسی گہری سوچ میں گم تھا۔ مہر آہستہ آہستہ چلتی اس کے پیچھے آ کر کھڑی ہو گئی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمر نے اسے پیچھے مڑ کر دیکھا اور پھر گردن موڑ لی

"احمر...."

مہر نے پکارا

"ہوں..."

اس نے بغیر مڑے کہا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ناراض ہو"

"نہیں مہر ناراض تو ان کے ساتھ بندہ ہوتا ہے جن کے ساتھ کوئی رشتہ ہو تمہارا میرے ساتھ رشتہ ہی کیا ہے"

اس کے لہجے میں تلخی تھی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"احمر پلیز معاف کر دو نا پلیز جو سزا دو گے قبول ہے لیکن ایک دفعہ معاف کر دو دیکھو ہاتھ جوڑ کے معافی مانگ رہی ہوں نا"



وہ روتے ہوئے بولی

احمر نے ایک دفعہ اس کا پیچھے مڑ کے آنسوؤں سے بھرا چہرا دیکھا۔

"وہ اسے روتا نہیں دیکھ سکتا تھا۔یہی اس کی سب سے بڑی کمزوری تھی"

"بس کرو رونا مہر"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مہر نے ایک جھٹکے سے سر اٹھایا اور آنسوؤں سے بھری آنکھوں سے اسے دیکھا

"نہیں پہلے تم مجھے معاف کرو"

"اگر نہ کروں تو....."

احمر کے لہجے میں شرارت تھی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"....پلیز کردو نا معاف"

اس نے منت بھرے انداز میں کہا

"اوکے کردیا معاف کیا یاد کرو گی"

اس نے شان بے نیازی سے کہا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سچ کہہ رہے ہو سچ میں معاف کر دیا ہے"

"ہاں اب کیا دو چار گواہ لا کے دوں یا پھر اسٹامپ پیپر پر سائن کر کے دوں"

احمر اس کی آنکھوں میں دیکھ کر مسکراتے ہوئے کہا

"نہیں اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے مجھے پتا ہے کہ تم نے مجھے معاف کر دیا ہو گا"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے اتنا یقین۔۔ویسے ایک بات ہے گواہ اور اسٹامپ پیپر تو لانے ہی پڑے گا کیونکہ تمہارے "

"جملہ حقوق اپنے نام جو کروانے ہیں میں نے

اس کی اس بات پر مہر نے اپنا سر جھکا دیا

یکدم سے چاند نظر آگیا کا شور سنائی دیا

مہر نے سر اٹھا کر دیکھا تو سامنے چاند نظر آیا


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ارے احمر وہ دیکھو چاند"

"میں تو اپنے چاند کو دیکھ رہا ہوں وہ تو آسمان کا چاند ہے میرا چاند تو میرے سامنے ہے"

وہ اسے دیکھتے ہوئے بولا

تمھیں یاد ہے ناصہر تم نے مجھ سے ایک بار پوچھا تھا کہ محبت کرنے والے چاند کو اپنا گواہ کیوں بناتے ہیں تاروں کو کیوں نہیں بنارتے یا سورج کو کیوں نہیں ...

صرف چاند ہی کیوں !!




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھو مہر اس مسکراتے چاند کو یہ ہی چاند ہوتا ہے جس کی آمد پر رمضان کا بابرکت مہینہ ہمیں

. عنایت کر دیا جاتا ہے. یہ ہی چاند ہوتا ہے جس کی آمد پر ہر اسلامی مہینے کی ابتدا ہوتی ہے



یہ ہی چاند ہوتا ہے جب یہ ظاہر ہوتا ہے تو عید الفطر اور عید الاضحیٰ جیسے تہوار ہمیں عنایت کر دیے

. جاتے وہ

!! یہ چاند جو ہوتا ہے نا مہر

ہمارے لیے خوشیوں کا امین ہوتا ہے اور خوشیوں بانٹنے سے محبتیں بڑھتی ہیں . یہ چاند ہماری

!! محبتوں کا امین ہوتا ہے مہر

!! محبتوں کا امین




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی لیے تو چاہنے والے چاند کو اپنی محبت کا اپنی چاہت کا امین بناتے ہیں .



مہر نے اسے دیکھا اور اس کی آنکھوں میں اپنے لیے جذبات کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر دیکھ کر اپنا سر" جھکا دیا ...

تمھیں پتا ہے مہر کل میرے پیرنٹس آرہے ہیں. کل نکاح ہے ہمارا مہر کل کا دن ہمارے لیے خوشیوں کا دن ہے کل کا دن ہماری چاہتوں کا دن ہے مہر یہ نیا چاند ہمارے لیے خوشیاں لے کر آیا ہے. تم خوش ہو نا مہر !!

مہر کا بولتی وہ تو بس احمر کو سنے جا رہی تھی. اسے یقین تھا کہ اس کی آئندہ زندگی بہت خوبصورت گزرنے والی تھی .




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے سر اٹھا کے چاند کو دیکھا تو چاند بھی اسے دیکھ کے مسکرانے لگا۔

اپنے پاکیزہ جذبوں کو گواہ بنا کر

اب کی بار بھی عید کا چاند دیکھ کر

میں دعا مانگوں گی

اپنے اور تمہارے ساتھ کی



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Chand Muskurane Laga| By Mehak Roshan(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس تم اتنا کرنا



کہ جب میری آنکھوں کا نمکین پانی

میری پھیلی ہتھیلی پر گرے

تو میری دعائے نیم شبی کو مکمل کرنا

میرے مقدّس لفظوں کی لاج رکھنا

! صدقِ دل سے کہنا! آمین




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

. دونوں نے بے اختیار رب تعالیٰ کے حضور دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تھے

❤❤❤❤

ختم شدہ

Crazy Fans Of Novel

Welcome To The Group




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

---



امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel